# گوئٹے مالا کے وفد کی ملاقات

☆ اس کے بعد پروگرام کے مطابق ملک گوئٹے مالا سے آنے والے جماعتی وفد نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔

☆ گوئٹے مالا سے امسال آنے والے مہمانوں میں جماعت گوئٹے مالا کے جنرل سیکرٹری David Gonzalez صاحب بھی شامل تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کے ذریعہ کئی سعید روحوں کو قبول احمدیت کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ گزشتہ چند سالوں سے جلسہ سالانہ یوکے میں باقاعدہ شامل ہوتے ہیں۔

☆ ایک مہمان سلیمان Rodriguez صاحب تھے۔ یہ احمدی خادم ہیں۔ انہوں نے پندرہ سال قبل اسلام قبول کیا تھا۔ بعد ازاں David صاحب جنرل سیکرٹری کی تبلیغ سے جماعت احمدیہ میں داخل ہوئے۔ اب یہ بہت پُرجوش داعی الی اللہ ہیں اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے انہیں دوران ملاقات ارشاد فرمایا کہ مبلغ انچارج سے دینی تعلیم حاصل کریں تا کہ بطور معلم خدمات بجالاسکیں۔

☆ گوئٹے مالا کی صدر لجنہ Marta Maria صاحبہ بھی جلسہ سالانہ میں شامل ہوئیں۔ یہ دوسری مرتبہ آئی تھیں۔

☆ گوئٹے مالا کے وفد میں جماعت میں شامل ہونے والے احمدی احباب میں ایک نومبائع Domingo Tul صاحب بھی شامل تھے۔ گزشتہ سال ان کے ہمراہ گوئٹے مالا میں 100 سے زائد افراد کو بیعت کر کے جماعت احمدیہ میں شمولیت کی توفیق ملی تھی۔ موصوف سپریم کورٹ گوئٹے مالا کی طرف سے اپنے دیہاتی علاقہ کے جج ہیں۔

☆ ایک احمدی دوست German Abuchery صاحب بھی شامل ہوئے۔ ان کا تعلق انڈونیشیا سے ہے۔ بیس سال سے گوئٹے مالا میں مقیم ہیں۔ انہیں گوئٹے مالا میں احمدیت قبول کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ان کی اہلیہ گوئٹے مالن ہیں اور تین بچے ہیں۔ سب بفضل اللہ احمدی ہیں۔ یہ پہلی دفعہ جلسہ سالانہ یوکے میں شامل ہوئے۔ جلسہ کے جملہ انتظامات، باہمی اخوت و محبت، جلسہ کے رضاکاروں کی خدمات، علمی تقاریر، خصوصاً حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے خطابات سے بہت متاثر ہوئے۔ موصوف نے بتایا کہ انڈونیشیا میں ان کی ساری فیملی اور خاندان کٹر سُنّی ہیں۔ انتہائی گمراہ کُن راستہ اور بدعات میں پڑے ہوئے ہیں۔ خدا نے انہیں احمدیت کے نور سے منور کیا اور وہ جلسہ یوکے میں شمولیت کر کے ایک نئی روحانی زندگی سے ہمکنار ہوئے۔ قرآن و حدیث میں حضرت امام مہدی علیہ السلام کی جماعت کی جو نشانیاں اور علامات بیان کی گئی ہیں ان کی عملی خوبصورت تصویر اس جلسہ میں دیکھی جو ان کی تقویتِ ایمان کا باعث ہوئی۔ موصوف نے بتایا کہ وہ آئندہ سال اپنے بچوں کو بھی جلسہ سالانہ یوکے میں لانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

☆ ایک مہمان Neddy Garrido صاحب بھی شامل ہوئے جو غیر مسلم ہیں۔ جماعت گوئٹے مالا کے جنرل سیکریٹری David Gonzalez صاحب کے زیرِ تبلیغ ہیں۔ موصوف نے بتایا کہ وہ جلسہ سالانہ میں شمولیت سے اسلام کی تعلیمات سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلد بیعت کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

☆ گوئٹے مالا کے ہمسایہ ملک میکسیکو کی ایک سٹیٹ Chiapa میں جماعت گوئٹے مالا کام کر رہی ہے۔ اس سٹیٹ سے ایک نو احمدی Ismael Gomez Lopez صاحب بھی آئے ہوئے تھے۔ ان کے والد امام ابراہیم صاحب ہیں۔ جنہوں نے اپنے ستر مقتدیوں سمیت تین سال قبل احمدیت قبول کرنے کی سعادت حاصل کی تھی۔ موصوف طالبعلم ہیں اور جامعہ احمدیہ میں تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ان کا زندگی وقف کرنے کا ارادہ ہے۔

☆ میکسیکو کی اسی سٹیٹ سے ایک جرنلسٹ Raul Vera صاحب بھی گوئٹے مالا کے وفد میں شامل تھے۔ انہوں نے بھی میکسیکو کے میڈیا میں خبریں بھجوائیں جو شائع ہوئیں۔

☆ گوئٹے مالا وفد کے ممبران نے بتایا کہ جلسہ سالانہ کا انتظام اچھا تھا۔ اس سے پہلے ہم نے ایسا اعلیٰ انتظام اور کہیں نہیں دیکھا۔ میڈیا میں اسلام کے بارہ میں جو پراپیگنڈہ ہوتا ہے، وہ غلط ہے۔ اسلام کی حقیقی تعلیم ہمیں یہاں نظر آئی ہے جو بڑی پُرامن اور سلامتی والی تعلیم ہے۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا آپ David Gonzalez صاحب جو جماعت کے جنرل سیکرٹری ہیں، ان کو دیکھیں۔ احمدیت قبول کرنے کے بعد ان میں بہت بڑی تبدیلی ہوئی ہے۔ انہوں نے صحیح مذہب اختیار کیا ہے۔

☆ ایک مہمان نے عرض کیا کہ جلسہ کے دوران ہر آدمی جو مجھے ملا ہے، ایسے تھا جیسے وہ میرا دوست تھا۔ ہر کوئی بڑی محبت و پیار سے ملتا تھا۔

☆ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا؛ ہم سب انسان ہیں۔ لوگ مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے ہوتے ہیں۔ لیکن اصل بات یہ ہے کہ انسانیت کی قدریں قائم کرنی چاہئیں۔ قطع نظر اس سے کہ آپ کا مذہب کیا ہے۔ اگر خدا سے پیار ہے تو پھر اس کی مخلوق سے بھی پیار ہونا چاہئے۔

☆ ایک مہمان نے عرض کیا کہ جب سے ہمارا جماعت سے تعلق پیدا ہوا ہے ہمیں اسلام کی اصلی اور حقیقی تعلیمات کا پتہ چلا ہے، یہاں جلسہ سالانہ میں شامل ہو کر اسلام کی حقیقی تعلیم کے بارے میں تفصیل سے علم ہوا ہے۔

☆ امیر صاحب گوئٹے مالا نے عرض کیا کہ سلیمان Rodriguez صاحب احمدی خادم ہیں اور کچھ عرصہ قبل احمدی ہوئے ہیں۔

☆ اس پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا: سلیمان صاحب کو اپنے ساتھ رکھ کر دینی تعلیم دیں اور ان کی تربیت کریں تا کہ بطور معلم کام کر سکیں۔ فرمایا؛ ان کے لئے کوئی چھوٹا کورس جامعہ کینیڈا یا جامعہ غانا میں بنایا جاسکتا ہے۔ یہ وہاں سپیشل کورس کر سکتے ہیں۔ آپ ان کے لئے کوئی شارٹ کورس بنائیں۔

☆ حضورِ انور ایدہ اللہ بنصرہِ العزیز نے فرمایا؛ Domingo صاحب اپنے علاقہ میں سپریم کورٹ کی طرف سے جج ہیں تو فیصلے کرتے ہوئے مکمل انصاف کریں۔ اپنے فیصلوں میں عدل کا معیار قائم کریں اور وہاں کے لوگوں میں بھی یہ معیار قائم کرنے کی کوشش کریں۔

☆ گوئٹے مالا کے وفد کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز سے یہ ملاقات بارہ بج کر 20 منٹ تک جاری رہی۔ آخر پر وفد کے تمام ممبران نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔